***DO NOT OPEN THIS QUESTION BOOKLET UNTIL YOU ARE ASKED TO DO SO***

**Version Code**

**A**

**SUBJECT CODE : 13**

**Serial No. :**

## QUESTION BOOKLET

# SPECIFIC PAPER

## (PAPER-II)

**Time Allowed : 2 Hours** **Maximum Marks : 200**

### INSTRUCTIONS

1. Immediately after the commencement of the Examination, before writing the Question Booklet Version Code in the OMR sheet, you should check that this Question Booklet does NOT have any unprinted or torn or missing pages or questions etc. If so, get it replaced by a complete 'Question Booklet' of the available series.
2. **Write and encode clearly the Register Number and Question Booklet Version Code A, B, C or D as the case may be, in the appropriate space provided for that purpose in the OMR Answer Sheet. Also ensure that candidate's signature and Invigilator's signature columns are properly filled in. Please note that it is candidate's responsibility to fill in and encode these particulars and any omission/discrepancy will render the OMR Answer Sheet liable for Rejection.**
3. You have to enter your Register Number in the Question Booklet in the box provided alongside. DO NOT write anything else on the Question Booklet.

| Register Number |
|---|
| |

4. **This Question Booklet contains 100 questions.** Each question contains **four** responses (choices/options). Select the answer which you want to mark on the Answer Sheet. In case you feel that there is more than one correct response, mark the response which you consider the most appropriate. In any case, choose *ONLY ONE RESPONSE* for each question.
5. All the responses should be marked ONLY on the separate OMR Answer Sheet provided and ONLY in Black or Blue Ballpoint Pen. See instructions in the OMR Answer Sheet.
6. **All questions carry equal marks. Attempt all questions.**
7. Sheets for rough work are appended in the Question Booklet at the end. You should not make any marking on any other part of the Question Booklet.
8. Immediately after the final bell indicating the conclusion of the examination, stop making any further markings in the Answer Sheet. Be seated till the Answer Sheets are collected and accounted for by the Invigilator.

**Use of Mobile Phones, Calculators and other Electronic/Communication gadgets of any kind is prohibited inside the Examination venue.**

**13-A**

www.kpscvaani.com

**1.** حالی نے کس عظیم شخصیت کی فرمائش پر ''مسدس حالی'' لکھی ؟

(a) محمد حسین آزاد

(b) مرزا غالب

(c) سرسید احمد خاں

(d) ڈاکٹر جی۔ڈبلیو۔فیلن

**2.** سودا نے کس صنفِ سخن کو معراجِ کمال پر پہنچا دیا ؟

(a) قصیدہ نگاری

(b) مرثیہ نگاری

(c) مثنوی نگاری

(d) شہر آشوب

**3.** اُردو زبان میں علامہ اقبال کے پہلے شعری مجموعہ کا نام کیا ہے ؟

(a) ضربِ کلیم

(b) بالِ جبریل

(c) ارمغانِ حجاز

(d) بانگِ درا

**4.** اُردو ادب کی دنیا میں دکن کے کس شاعر کو پہلا صاحبِ دیوان شاعر قرار دیا جاتا ہے ؟

(a) خواجہ گیسودراز

(b) محمد قلی قطب شاہ

(c) برہان الدین جانم

(d) غواصی

**5.** ان اشعار کو ملاحظہ کیجئے اور اُن میں شوخی وظرافت پر مبنی اشعار کی شناخت کیجئے۔

1. گدا سمجھ کے وہ چپ تھا میری جو شامت آئے
اُٹھا اور اُٹھ کے قدم میں نے پاسباں کیے

2. نظر لگے نہ کہیں ان کے دست و باز کو
یہ لوگ کیوں میرے زخم وجگر کو دیکھتے ہیں

3. وفا کیسی کہاں کا عشق جب سر پھوڑنا ٹھہرا
تو پھر اے سنگ دل تیرا ہی سنگ آستاں کیوں ہو

4. ہم کو معلوم ہے جنت کی حقیقت لیکن
دل کے خوش رکھنے کو غالب یہ خیال اچھا ہے

(a) 1 اور 4

(b) 1 اور 3

(c) 2 اور 4

(d) 3 اور 4

**6.** مثنوی 'سحرالبیان' کے کرداروں کی شناخت کیجئے۔

(a) چندر بدن

(b) بے نظیر

(c) بدرِ منیر

(d) مہیار

**7.** مدتیں گزریں تری یاد بھی آئی نہ ہمیں
اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ایسا بھی نہیں
یہ شعر کس شاعر کا ہے ؟

(a) احمد فراز

(b) فراق گورکھپوری

(c) شہریار

(d) بشیر بدر



www.kpscvaani.com

**8.** مثنوی 'پھول بن' کس معروف شاعر کی یادگار ہے ؟

(a) عشرتی

(b) بحری

(c) نصرتی

(d) ابن نشاطی

**9.** درجہ ذیل میں کس شاعر کو گیان پیٹھ ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ؟

(a) ساحر لدھیانوی

(b) مجروح سلطان پوری

(c) جاں نثار اختر

(d) فراق گورکھپوری

**10.** مرزا سودا کا اصلی نام کیا تھا ؟

(a) محمد شفیع

(b) محمد ذکی

(c) محمد رفیع

(d) محمد علی

**11.** 'فلسفۂ خودی' کس شاعر کی شاعری کا ایک اہم عنصر ہے ؟

(a) چکبست

(b) علامہ اقبال

(c) حفیظ جالندھری

(d) سردار جعفری

**12.** دنیائے اُردو شاعری میں کس شاعر کو شاعرِ انقلاب کہا جاتا ہے ؟

(a) اکبر الہ آبادی

(b) اختر الایمان

(c) فیض احمد فیض

(d) جوش ملیح آبادی

**13.** ملا نصرتی کی کامیاب ترین رزمیہ مثنوی کا نام کیا ہے ؟

(a) خاورنامہ

(b) علی نامہ

(c) طوطی نامہ

(d) پرت نامہ

**14.** دنیائے ادب میں مرزا غالب کو عظیم المرتبت شاعر کا مقام حاصل ہے۔ اُردو میں ان کے کتنے دیوان ہیں ؟

(a) ایک

(b) دو

(c) تین

(d) چار

**15.** کس دکنی شاعر کے کلام کی مقبولیت سے متاثر ہو کر شعرائے دلّی اُردو شاعری کی جانب راغب ہوئے ؟

(a) سراج اورنگ آبادی

(b) مرزا داؤد

(c) ولی دکنی

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں



www.kpscvaani.com

**16.** سر محمد اقبال کی پیدائش کس سن میں ہوئی ؟

(a) 1872ء

(b) 1877ء

(c) 1866ء

(d) 1870ء

**17.** ''آپ بیتی کو جگ بیتی بنا دیا'' یہ مقولہ اُردو کے کس اُستادِ سخن شاعر کے بارے میں کہا جاتا ہے ؟

(a) میر تقی میر

(b) میر سودا

(c) ذوق

(d) مرزا غالب

**18.** دکن کی کونسی مثنوی کو آج بھی ادبی دنیا میں بلند مرتبہ حاصل ہے جس کو اہل اُردو کبھی فراموش نہیں کر سکتے اور اس کے شاعر ملا وجہی ہیں ؟

(a) گلشن عشق

(b) پھول بن

(c) قطب مشتری

(d) من لگن

**19.** میر حسن کی مثنوی ''سحرالبیان'' کا پس منظر کیا ہے ؟

(a) حب وطن

(b) جنگ و جدل

(c) تصوف

(d) داستان حُسن و عشق

**20.** اُردو غزل کی آبرو، مرزا غالب کا مزار کس شہر میں ہے ؟

(a) لکھنو

(b) آگرہ

(c) دہلی

(d) رام پور

**21.** قطب شاہی خاندان کی دریا دلی بے حد مشہور ہے۔ درجہ ذیل میں سے کس بادشاہ نے ملا وجہی کو ملک الشعراء کے خطاب سے نوازا ؟

(a) ابراہیم قلی

(b) محمد قلی قطب شاہ

(c) عبداللہ قطب شاہ

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

**22.** میر تقی میر کے کلام کی خاص خوبی کیا ہے ؟

(a) پر شکوہ الفاظ

(b) بول چال کے الفاظ آسان و عام فہم

(c) ابہام گوئی

(d) رعایت لفظی

**23.** حالی کو کس اُستادِ سخن کی شاگردی کا شرف حاصل ہوا ؟

(a) ذوق دہلوی

(b) مرزا غالب

(c) مرزا درد

(d) امام بخش ناسخ



www.kpscvaani.com

**.24** انگریزی حکومت نے جوشؔ کی کس نظم پر پابندی لگائی تھی ؟

(a) ایسٹ انڈیا کمپنی کے فرزندوں سے

(b) لمحہ آزادی

(c) صدائے بیداری

(d) شکست زنداں کا خواب

**.25** میر انیس نے کس صنفِ سخن میں بے مثال کامیابی حاصل کی ؟

(a) قصیدہ نگاری

(b) مثنوی نگاری

(c) مرثیہ نگاری

(d) غزل گوئی

**.26** میر انیس کہاں کے متوطن تھے ؟

(a) فیض آباد

(b) مرادآباد

(c) الہ آباد

(d) احمدآباد

**.27** تو شاہیں ہے، پرواز ہے کام تیرا
تیرے سامنے آسماں اور بھی ہیں
علامہ اقبال اس شعر میں کس سے مخاطب ہیں ؟

(a) اپنے آپ سے

(b) پرندے سے

(c) اپنے فرزند سے

(d) قوم کے نوجوانوں سے

**.28** فارسیت کا غلبہ، تخیل کی بلند پروازی اور تہ داری کس شاعر کے کلام کی انفرادی خوبیاں ہیں ؟

(a) مرزا غالب

(b) مرزا سودا

(c) آتش

(d) انشاء اللہ خاں انشاء

**.29** ولی دکنی کس دبستانِ شاعری کے نمائندہ ہیں ؟

(a) دبستانِ گولکنڈہ

(b) دبستانِ اورنگ آباد

(c) دبستانِ بیجا پور

(d) دبستانِ دہلی


www.kpscvaani.com

**30.** اُردو شاعری کی دنیا میں ''پہلی بڑی اور قومی نظم'' کس کارنامہ کو سمجھا جاتا ہے؟

(a) خاکِ ہند

(b) صبح اُمید

(c) صبح آزادی

(d) مسدس حالی

**31.** ذیل کے لفظ کا صحیح تلفظ کیا ہے؟

(a) جَدُوَل

(b) جَدَوُل

(c) جَدُول

(d) جِدُوَل

**32.** ان میں سے صحیح املا کی نشاندہی کیجئے:

(a) اِزدحام

(b) اِزدہام

(c) اِذدحام

(d) اِژدحام

**33.** ان میں سے صحیح جملے کی نشاندہی کیجئے:

(a) تم نے کہنا چاہیئے تھا

(b) تم کو کہنا چاہیئے تھا

(c) تمہارے کو کہنا چاہیئے تھا

(d) تم کہنا چاہیئے تھا

**34.** ''آنکھ بھر آنا'' اس محاورے کا مطلب کیا ہے؟

(a) آنکھیں دکھانا

(b) آنکھیں بچھانا

(c) آنکھیں بدلنا

(d) آنکھ میں آنسو آنا

**35.** ''ہاتھ ملنا'' اس محاورے کا مطلب کیا ہے؟

(a) ہاتھ دھونا

(b) ہاتھ ہلانا

(c) افسوس کرنا

(d) خوش ہونا

**36.** ''ہنوز دلّی دور است'' اس ضرب المثل کا مفہوم کیا ہے؟

(a) ابھی مقصد پورا ہونے میں دیر ہے

(b) مقصد پورا ہو چکا ہے

(c) مقصد پورا ہو رہا ہے

(d) مقصد بہت جلد پورا ہوگا

**37.** ''ہماری نال اس محلے میں گڑی ہوئی ہے۔'' اس عبارت کی آسان اردو عبارت کونسی ہے؟

(a) ہم اسے محلے میں پروان چڑھے ہیں۔

(b) ہم اسے محلے میں پیدا ہوئے ہیں۔

(c) ہم اسی محلے میں رہتے ہیں۔

(d) ہم اسی محلے میں گھومتے ہیں۔



www.kpscvaani.com

**.38** جو لفظ کسی اِسم کے بدلے میں آتا ہے اسے کیا کہتے ہیں ؟

(a) صفت

(b) ضمیر

(c) فعل

(d) مصدر

**.39** اِسم کے معنی کیا ہیں ؟

(a) خوبی

(b) نام

(c) صفت

(d) تعداد

**.40** جو لفظ اسم یا ضمیر کی خوبی بتاتے ہیں انہیں کیا کہا جاتا ہے؟

(a) صفت

(b) فعل

(c) مصدد

(d) تعداد

**.41** فعل کے معنی کیا ہیں ؟

(a) کام

(b) نام

(c) جگہ

(d) زمانہ

**.42** قواعد کے تحت زمانے کی تعداد کتنی ہے ؟

(a) چھ

(b) چار

(c) پانچ

(d) تین

**.43** ''رحیم کھاچکا'' اس میں کونسا زمانہ استعمال ہوا ہے ؟

(a) ماضی مطلق

(b) ماضیٔ ناتمام

(c) حال

(d) مستقبل

**.44** ذیل میں سے کونسا لفظ حروفِ شمسی میں ہے ؟

(a) بیت الحرام

(b) دارالسلام

(c) عید الفطر

(d) دارالامان

**.45** ان میں حروفِ جار کونسا ہے ؟

(a) اور

(b) سے

(c) کر

(d) بھی



www.kpscvaani.com

46. ''اگر تم آئے تو مَیں چلوں گا'' اس جملے میں حروفِ جزا کونسا ہے ؟

(a) اگر
(b) تم
(c) آئے
(d) تو

47. ان میں سے لاحقے کی نشاندہی کیجئے

(a) باغیچہ
(b) باادب
(c) بے وجہ
(d) باوضع

48. ان میں سابقے کی نشاندہی کیجئے :

(a) پُرلطف
(b) غسل خانہ
(c) دل بر
(d) خوب تر

49. ''غرور'' کا ضد کیا ہے ؟

(a) ہمدردی
(b) تکبر
(c) غیرت
(d) انکساری

50. ''سود'' کا متضاد لفظ کونسا ہے ؟

(a) نفع
(b) زیاں
(c) نقصان
(d) فائدہ

51. ''شمس'' کا مترادف لفظ کونسا ہے ؟

(a) قمر
(b) مہتاب
(c) آفتاب
(d) ماہ

52. ''لیل'' کا مترادف کونسا ہے ؟

(a) رات
(b) نہار
(c) دن
(d) شام

53. یوں برچھیاں تھیں چارطرف اس جناب کے
جیسے کرن نکلتی ہے گرد آفتاب کے
اس شعر میں کون سا لفظ مشبہ بہ ہے ؟

(a) برچھیاں
(b) کرن
(c) جناب
(d) آفتاب



www.kpscvaani.com

**.54** چھوٹے سے چاند میں ہے ظلمت بھی روشنی بھی
نکلا کبھی گہن سے آیا کبھی گہن میں
اس شعر میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے ؟
(a) تلمیح
(b) تشبیہ
(c) استعارہ
(d) مجاز مرسل

**.55** ذیل میں کونسا جواب 'علمِ بیان' کے دائرے میں آتا ہے ؟
(a) تشبیہ
(b) تضاد
(c) حسنِ تعلیل
(d) مراعات النظیر

**.56** دردمنت کشِ دوا نہ ہوا میں نہ اچھا ہوا بُرا نہ ہوا
(a) تشبیہ
(b) استعارہ
(c) تضاد
(d) تلمیح

**.57** جس مرکب لفظ سے کسی صفت کا اظہار ہوتا ہے اسے کیا کہتے ہیں ؟
(a) مرکب اضافی
(b) مرکبِ توصیفی
(c) مرکبِ ظرفی
(d) مرکبِ اسمی

**.58** ''شاہجہاں آباد'' کتنے لفظوں کا مرکب ہے ؟
(a) دو
(b) تین
(c) چار
(d) پانچ

**.59** 'یہ کتاب میری ہے'
یہ جملہ مرکب الفاظ کی کونسی قسم کا ہے ؟
(a) مرکب تام
(b) مرکب ناقص
(c) مرکب امتزاجی
(d) غیر امتزاجی

**.60** صنعتِ تلمیح سے کیا مراد ہے ؟
(a) جس میں کسی واقعہ کی طرف اشارہ ہو
(b) جس میں کسی چیز کو دوسری چیز کے مشابہ بتایا گیا ہو
(c) جس میں بات کو ڈھکے چھپے انداز میں بیان کیا گیا ہو
(d) جس میں ذومعنی الفاظ کا استعمال ہو


www.kpscvaani.com

61. کونسی کتاب خواجہ بندہ نواز گیسودراز کے نام سے منسوب کی جاتی ہے ؟
(a) معراج العاشقین
(b) کلمتہ الحقائق
(c) ہشت مسائل
(d) گنج مخفی

62. ملا وجہی کس بادشاہ کے دربار کا ملک الشعراء تھا ؟
(a) ابراہیم قطب شاہ
(b) محمد قلی قطب شاہ
(c) محمد قطب شاہ
(d) عبداللہ قطب شاہ

63. فورٹ ولیم کالج قائم کرنے کا مقصد کیا تھا ؟
(a) عوام کو انگریزی تعلیم دینا
(b) انگریزوں کو تجارتی تعلیم دینا
(c) یورپی طلبا کو اعلیٰ تعلیم دینا
(d) نئے انگریز ملازمین کو ہندوستانی زبانوں کی تعلیم دینا

64. ''کلمتہ الحقائق'' کس کی تصنیف ہے ؟
(a) میراں جی شمس العشاق
(b) برہان الدین جانم
(c) امین الدین اعلیٰ
(d) خواجہ بندہ نواز گیسودراز

65. کس ادیب نے نظم اور نثر کو ملا کر گلا کر لکھنے کا دعویٰ کیا ؟
(a) برہان الدین جانم
(b) میراں جی خدانما
(c) ملا وجہی
(d) امین الدین اعلیٰ

66. فورٹ ولیم کالج کے پہلے پروسٹ (پرنسپل) کون مقرر ہوئے ؟
(a) لارڈ ولزلی
(b) جان گلکرسٹ
(c) ڈیوڈ براؤن
(d) کرنل ہالرائڈ

67. ''باغ و بہار'' میں کس قصہ کو پیش کیا گیا ہے ؟
(a) قصّۂ بے نظیر
(b) قصّۂ چہار درویش
(c) قصّۂ بکاولی
(d) قصّۂ سندباد

68. مرزا علی لطف نے کس کے تذکرہ کو بنیاد بنا کر اپنا تذکرہ گلشنِ ہند لکھا ؟
(a) میرؔ کا نکات الشعراء
(b) مصحفیؔ کا عقدِ ثریا
(c) شیفتہؔ کا گلشنِ بے خار
(d) علی ابراہیم خاں کا گلزارِ ابراہیم


www.kpscvaani.com

69. ''باغ و بہار'' کا ماخذ کیا ہے ؟
(a) آرائشِ محفل
(b) گلِ مغفرت
(c) نوطرزِ مرصع
(d) نثرِ بے نظیر

70. اعظم گڑھ میں دارالمصنفین کی بنیاد کس نے ڈالی ؟
(a) الطاف حسین حالؔی
(b) شبلؔی نعمانی
(c) نذیر احمد
(d) محمد حسین آزاد

71. شبلؔی نے حالؔی کی کس کتاب کو طنز سے مدلل مداحی اور کتاب المناقب کہا ؟
(a) مقدمۂ شعروشاعری
(b) حیاتِ سعدؔی
(c) یادگارِ غالبؔ
(d) حیاتِ جاوید

72. پروفیسر آلِ احمد سرور نے اُردو شاعری کا پہلا مینی فیسٹو یا منشور کس کتاب کو قرار دیا ؟
(a) آبِ حیات
(b) مقدمۂ شعروشاعری
(c) موازنۂ انیسؔ و دبیرؔ
(d) شعرالعجم

73. نذیر احمد نے اپنا پہلا ناول ''مراۃ العروس'' کس مقصد کے تحت لکھا ؟
(a) اصلاحِ معاشرہ
(b) اصلاحِ خواتین
(c) اپنی بیٹی کو اُردو سکھانے
(d) اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے

74. ابوالکلام آزاد نے اپنے خطوط کا مجموعہ ''غبارِ خاطر'' کہاں لکھا ؟
(a) مکہ معظّمہ میں
(b) دہلی میں
(c) احمد نگر کی جیل میں
(d) بلاری کی جیل میں

75. ان میں محمد حسین آزاد کی تصنیف کونسی ہے ؟
(a) خطباتِ احمدیہ
(b) آبِ حیات
(c) حیاتِ جاوید
(d) الفاروق

76. آزادی کے بعد ہندوستان کے وزیرِ تعلیم کون بنے ؟
(a) محمد علی جوہر
(b) عبدالمجید سالک
(c) ابوالکلام آزاد
(d) مولانا ظفرعلی خان



www.kpscvaani.com

.77 سرسید کی تصنیف ''آثارالصنادید'' کا موضوع کیا ہے ؟
(a) مغلوں کے محلات
(b) دہلی کی تاریخی عمارات
(c) راجستھان کے محلات
(d) حیدرآباد کے تاریخی مقامات

.78 پریم چند کا آخری ناول کونسا ہے ؟
(a) نرملا
(b) بازارِحُسن
(c) گؤدان
(d) میدانِ عمل

.79 ''غالب جدید شعراء کی مجلس میں'' کس کا لکھا ہوا مضمون ہے ؟
(a) شوکت تھانوی
(b) رشید احمد صدیقی
(c) فرحت اللہ بیگ
(d) کنھیا لال کپور

.80 پطرس بخاری کا اصل نام کیا تھا ؟
(a) سید احمد شاہ بخاری
(b) سید محمود شاہ بخاری
(c) سید فتح شاہ بخاری
(d) سید امام شاہ بخاری

.81 حالؔی کی تصنیف ''حیاتِ سعدی'' صنفی اعتبار سے کیا ہے ؟
(a) ناول
(b) ڈراما
(c) سوانح عمری
(d) داستان

.82 ''آشفتہ بیانی میری'' میں اُردو کے کس طنز و مزاح نگار نے اپنی ابتدائی زندگی کے واقعات بڑے دلچسپ انداز میں قلمبند کیے ہیں ؟
(a) رشید احمد صدیقی
(b) پطرس بخاری
(c) کنھیالال کپور
(d) کرشن چندر

.83 کس ڈراما نگار کو اُردو ڈرامے کا شیکسپیئر کہا جاتا ہے ؟
(a) طالب بنارسی
(b) آغا حشر کاشمیری
(c) حکیم احمد شجاع
(d) امتیاز علی تاج


www.kpscvaani.com

**.84** مضمون ''ایک وصیت کی تعمیل'' میں فرحت اللہ بیگ نے کس کی شخصیت کو موضوع بنایا ہے ؟

(a) حالؔی

(b) شبلؔی

(c) نذیر احمد

(d) مولانا وحید الدین سلیم

**.85** اُردو کی مشہور و معروف ناول نگار قرۃ العین حیدر کے والد کون تھے ؟

(a) سجاد حیدر یلدرم

(b) نیاز فتحپوری

(c) راشدالخیری

(d) خواجہ حسن نظامی

**.86** کس افسانہ و ناول نگار کی تخلیقات میں کشمیری زندگی کی جھلک دکھائی دیتی ہے ؟

(a) پریم چند

(b) راجندرسنگھ بیدی

(c) کرشن چندر

(d) عصمت چغتائی

**.87** ''سنگ و خِشت'' کس کے مضامین کا مجموعہ ہے ؟

(a) کنھیالال کپور

(b) رشید احمد صدیقی

(c) شوکت تھانوی

(d) فرحت اللہ بیگ

**.88** قرۃ العین حیدر کا پہلا ناول کونسا ہے؟

(a) چاندنی بیگم

(b) میرے بھی صنم خانے

(c) سفینۂ غمِ دل

(d) آخر شب کے ہم سفر

**.89** کرشن چندر کے ناولوں کی دلکشی کا راز کیا ہے ؟

(a) اشتراکی خیالات

(b) انسان دوستی

(c) رمزیہ بیان

(d) رنگین و شیریں زبان

**.90** عصمت چغتائی کا بچپن کہاں گزرا ؟

(a) پنجاب اور امرتسر میں

(b) جموں اور کشمیر میں

(c) آگرہ اور جے پور میں

(d) حیدرآباد اور تلنگانہ میں



www.kpscvaani.com

**.91** درج ذیل میں سے کن طلبا کو پری میٹرک اور پوسٹ میٹرک ہاسٹلوں میں داخلہ دیا جاتا ہے ؟

1. پہلی سے چوتھی کلاس کے طلبہ کو پری میٹرک ہاسٹلوں میں پری یونیورسٹی کے طلبہ کو پوسٹ میٹرک ہاسٹلوں میں
2. پانچویں سے آٹھویں کلاس کے طلبہ کو پری میٹرک ہاسٹلوں میں پری یونیورسٹی سے ڈگری تک کے طالب علموں کو پوسٹ میٹرک ہاسٹلوں میں
3. نویں کلاس سے دسویں کلاس تک کے طلبہ کو پری میٹرک ہاسٹلوں میں پوسٹ گراجویٹ اور بقیہ تمام کورسوں میں پری یا پوسٹ میٹرک ہاسٹلوں میں

(a) صرف 1

(b) 1 اور 2 دونوں

(c) 2 اور 3 دونوں

(d) درجِ بالا سب کو

**.92** اقلیتی اُمور کے ڈائرکٹوریٹ کے تحت پری میٹرک ہاسٹلوں کے طلبہ کو ایک سال میں کتنے یونیفارم کے جوڑے تقسیم کیئے جاتے ہیں ؟

(a) تین جوڑے

(b) دو جوڑے

(c) ایک جوڑا

(d) ان میں سے کوئی نہیں

**.93** اقلیتی امور کے ڈائرکٹوریٹ کے تحت پری میٹرک، پوسٹ میٹرک اور مائنارٹی ہاسٹلوں میں داخلے کے لئے آمدنی کی کونسی حد مقرر ہے ؟

(a) 1-50 لاکھ

(b) 2 لاکھ

(c) 2-50 لاکھ

(d) ان میں سے کوئی نہیں

**.94** ریاستِ کرناٹک میں جملہ کتنے مرارجی دیسائی رسیڈنشل اسکول کام کر رہے ہیں ؟

(a) 43

(b) 48

(c) 50

(d) ان میں سے کوئی نہیں

**.95** اقلیتی امور کے ڈائرٹوریٹ کے تحت درج ذیل میں سے کن طلبہ کو میرٹ کم مینس (Merit cum Means) اسکالرشپ دی جاتی ہے ؟

1. پری میٹرک اور پوسٹ میٹرک طلبہ کو
2. ٹکنیکل کورسوں کے تمام طلبہ کو
3. مرارجی دیسائی رسیڈنشل اسکولوں کے تمام طلبہ کو
4. مختلف پیشہ ور کورسوں کے طلبہ کو

(a) 1 اور 3

(b) 1 اور 2

(c) 2 اور 4

(d) 2 اور 3



www.kpscvaani.com

**96.** ریاستی سرکار نے جس سال سے جین پری میٹرک اور پوسٹ میٹرک اسکالرشپ جاری کیا وہ سال ہے

(a) 2009-10

(b) 2012-13

(c) 2010-11

(d) 2013-14

**97.** اقلیتی امور کے ڈائرکٹوریٹ تحت بیرون ممالک میں اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے اسکالرشپ کی جو رقم دی جاتی ہے، وہ ہے

(a) 2 لاکھ سے 5 لاکھ تک

(b) 5 لاکھ سے 10 لاکھ تک

(c) 8 لاکھ سے 15 لاکھ تک

(d) 10 لاکھ سے 15 لاکھ تک

**98.** اقلیتی امور کے ڈائرکٹوریٹ کے تحت جو طلبہ بیرون ممالک میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں، تعلیم شروع کرنے سے پہلے ان کی عمر _______ سال ہونی چاہیے۔

(a) 28 سال

(b) 32 سال

(c) 36 سال

(d) 38 سال

**99.** اقلیتی امور کے ڈائرکٹوریٹ کے تحت درج ذیل میں سے کس سبجیکٹ ٹیچر کو تدارکی تعلیم (remedial teaching) کے لئے ترجیحی طور پر منتخب کیا جا سکتا ہے؟

(a) کنڑا - انگلش - ہندی

(b) انگلش - حساب - سائنس

(c) سائنس - اردو - سوشل سائنس

(d) انگلش - اردو - ہندی

**100.** اقلیتی امور کے ڈائرکٹوریٹ تحت اقلیتی طلبہ کی حوصلہ افزائی اسکیم (Promotional Scheme) کی سہولتیں حاصل کرنے کے لئے کم از کم کتنے فیصد نشان لینا ضروری ہے؟

(a) 45%

(b) 50%

(c) 55%

(d) 60%



www.kpscvaani.com

SPACE FOR ROUGH WORK



www.kpscvaani.com